ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((479

22.09.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا اسلامیہ یونیورسٹی امتحانی مرکز کا وزٹ ،MDCAT کے ٹیسٹ کی فول پروف سیکیورٹی کے انتظامات بارے جائزہ،UHS کے عملے کو بلا خوف وخطر پرامن ماحول مہیا کرنا ہماری اولین ڈیوٹی میں شامل ہے۔معاشرتی امن کو ہر صورت بحال رکھا جائے گا،ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے اسلامیہ یونیورسٹی میں جاری MDCAT ٹیسٹ سنٹر کا وزٹ کیا۔اس موقع پر پرنسپل قائداعظم میڈیکل کالج ڈاکٹر صوفیہ فرحت نے تمام تر انتظامات بارے ڈی پی او بہاولپور کو بریفنگ دی اور فول پروف سکیورٹی انتظامات مہیا کرنے پر ڈی پی او بہاولپور کا شکریہ ادا کیا۔طلبہ وطالبات کے جاری انٹری ٹیسٹ کے حوالے سے سکیورٹی کے سخت انتظامات کیئے گئے ہیں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پولیس افسران و جوان اپنے اردگرد شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔کسی کو چیکنگ کے بغیر اندر نہ آنے دیا جائے۔چیکنگ کے عمل کو شفاف بنانے کے لئے لیئر وائز ڈیوٹی لگائی گئی ہے۔طالبات کی چیکنگ کے لئے لیڈی پولیس کو ڈیوٹی پر مامور کیا گیا ہے۔سکیورٹی کے عمل کو مزید بہتر بنانے کیلئے ڈراؤن کیمرہ اور CCTV کیمرہ جات سے مانیٹرنگ کے عمل کو یقینی بنایا گیا۔UHS اور قائداعظم میڈیکل کالج کے ڈاکٹرز اور پروفیسر و دیگر عملہ امتحان لینے کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں،کو بلا خوف خطر پرامن ماحول مہیا کرنا ہماری ڈیوٹی میں شامل ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈی ایس پیز و دیگر افسران ڈیوٹی پر مامور جوانوں کو چیک کریں اور الرٹ رکھیں،ڈیوٹی میں سستی و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائیگی۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اسلامیہ یونیورسٹی میں جاری MDCAT ٹمیسٹ کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((480

22.09.24

بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات،سینکڑوں پولیس افسران واہلکارڈیوٹی پرتعینات،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران و اہلکار تعینات کیے گئے۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی،بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہرصورت یقینی بنائیں،کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں،معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے،غفلت ولا پرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر کی مسیحی عبادت گاہوں پر پولیس کے افسران وجوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں